Telephone Conversation between Prime Minister Shri Narendra Modi and Prime Minister of Australia, Hon Scott Morrison MP

May 07, 2021

وزیر اعظم جناب نریندر مودی اور آسٹریلیا کے وزیر اعظم عزت مآب اسکاٹ موریسن کے درمیان ٹیلی فون پر بات چیت ہوئی

07 مئی، 2021

نئی دہلی، 07 مئی 2021: وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے آسٹریلیا کے وزیر اعظم عزت مآب اسکاٹ موریسن کے ساتھ آج ٹیلی فون پر بات چیت کی۔

وزیر اعظم مودی نے کووِڈ-19 کی دوسری لہر کے خلاف بھارت کی نبرد آزمائی میں آسٹریلیائی حکومت اور عوام کی جانب سے تیز رفتار اور ہمدردانہ حمایت کے لئے ان کی ستائش کی۔

دونوں قائدین نے عالمی سطح پر کووِڈ سے نمٹنے کے لئے ٹیکے اور ادویہ کی سستی اور مساویانہ رسائی کو یقینی بنانے کی ضرورت پر اتفاق کیا۔ اس سلسلے میں وزیر اعظم نے ٹی آر آئی پی ایس کے تحت ایک عارضی رعایت کے لئے بھارت اور جنوبی افریقہ کے ذریعہ ڈبلیو ٹی او میں کی گئی ایک پہل پر آسٹریلیائی حمایت کی درخواست کی ہے۔

دونوں رہنماؤں نے 4 جون 2020 کو منعقدہ ورچووَل سربراہ ملاقات کے بعد بھارت۔ آسٹریلیا جامع کلیدی شراکت داری میں ہوئی پیش رفت پر توجہ مرکوز کی اور تعاون کو مزید مستحکم بنانے اور عوام سے عوام کے درمیان تعلق کو بڑھاوا دینے کے طریقہ کار پر تبادلہ خیالات کیے۔

دونوں قائدین نے علاقائی مسائل پر بھی بات چیت کی اور قواعد پر مبنی ایک بین الاقوامی نظام اور ایک آزاد، کھلے اور مبنی بر شمولیت ہند ۔ پیسفک خطے کے لئے ایک ساتھ کام کرنے کی اہمیت کا اعادہ کیا۔

نئی دہلی

07 مئی، 2021

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.